ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون؛۔ 021-99212639

# رواں سال محکمہ پولیس سندھ کے 4750 ملازمین کو ترقیاں دی گئیں۔

کراچی 02 نومبر 2019ء۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے محکمہ پولیس سندھ کے تحت مختلف عہدوں پر ترقی پانیوالے 4750 پولیس افسران/ جوانوں/منسٹریل اسٹاف کو مبارکباد کا پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں اندرون ایک سال میرٹ پر ترقیاں محکمہ سندھ پولیس میں شفافیت اور غیر جانبداری کی ایک روشن مثال اور تاریخ بن گئی ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ اس کا تمام تر سہرا وقتاًفوقتاً جاری رہنماہدایات پر عمل درآمد اور ان سنجیدہ کاوشوں/ شب و روز محنت کو جاتا ہے جو ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ اینڈ اسٹیبلشمنٹ، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ، اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ اور انکی ٹیمز نے محکمانہ ترقی کے اس عمل کو انتہائی شفاف اور غیر جانبدارانہ بنانے کے لیئے کی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمانہ ترقی کا یہ عمل ملازمت کے دورانیئے، مدت اور سینیارٹی لسٹ کے تناظر میں ایک تسلسل کے ساتھ جاری رہیگا۔

رپورٹ کیمطابق رواں سال مورخہ 29 اکتوبر تک اگلے عہدوں پر ترقی پانیوالے 4750 میں 25 ایس پیز، 01 اے آئی جی لیگل، 104 ڈی ایس پیز، 02 فارنزک ڈی ایس پیز، 03 پی ڈی ایس پیز، 379 انسپکٹرز، 622 سب انسپکٹرز، 1261 اے ایس آئیز، 1742 ہیڈ کانسٹیبلز جبکہ منسٹریل اسٹاف کے 407 سینئر کلرکس، 161 اسسٹنٹ اور 42 آفس سپرانٹینڈنٹ شامل ہیں۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔